انہیں پیش نظر رکھ لیا جاتا تو یہ تعارف زیادہ جامع ہو جاتا۔

•••••••••••••••

نام کتاب: صفہ پر ایک نظر

مصنف: ڈاکٹر محمد انعام الحق کوثر

ناشر: یونائیٹڈ پرنٹرز کوئٹہ، جون ۲۰۰۱ء

صفحات: ۱۹

یہ مختصر کتابچہ ہے جس میں اصحاب صفہ کا تعارف، حالات، طریقہ تعلیم، نصاب تعلیم، طلباء کی تعداد اور ان کی گذر بسر کا مختصر انداز میں تعارف کروایا گیا ہے اس موضوع پر اس سے قبل متعدد جامع مضامین شائع ہو چکے ہیں جس میں قاضی اطہر مبارک پوری کا پیش کردہ مواد بہت جامع ہے طلبا و طالبات کو زیر تبصرہ کتابچہ کا مطالعہ کرنا چاہئے تاکہ دوران تعلیم مصائب و مشکلات میں ثابت قدمی پیدا ہو۔

•••••••••••••••

نام کتاب: ماہنامہ بنات حفصہ، کراچی

مدیر اعلیٰ: ابن شیخ علی، مدیر مسئول مفتی محمد زبیر حق نواز صاحب ہیں۔

شمارہ نمبر: جلد ا، شمارہ ا، اپریل 2005ء

ملنے کا پتہ: پوسٹ بکس، نمبر 8241، فون 5046117۔ موبائل: 0300-3919909

یہ خواتین کا اسلامی ڈائجسٹ ہے، اس میں خواتین کے حوالے سے اگر مضامین کو شامل کیا جائے اور خواتین کو مخاطب بنایا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا اس قسم کے ڈائجسٹ کا مزید اجراء ہونا چاہئے، یہ عہد حاضر کی اہم ضرورت ہے البتہ مضامین علمی انداز کے نہ ہوں ڈائجسٹ کے اسلوب میں ہوں عام فہم ہوں دلچسپ حکایات وقصص اس کا حصہ ہوں تو زیادہ بہتر ہوگا۔

رسالہ کے اجراء پر دونوں مدیر مبارکباد کے مستحق ہیں۔